2025-04-10

Hrs 08.30

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں محمد عمار

پہلے اِس وقت کی خاص خاص خبریں

---------------------------------------------------

1- وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ 26/11 ممبئی دہشت گردانہ حملے کے ماسٹر مائنڈ تہور رانا کی امریکہ سے بھارت حوالگی، مودی حکومت کی سفارت کاری کی ایک بڑی کامیابی ہے۔

2- انفارمیشن ٹیکنالوجی محکمے کے وزیر اشونی ویشنو نے کہا ہے کہ نئے آدھار قانون کو ڈیجیٹل ذاتی ڈیٹا کی حفاظت سے متعلق ایکٹ 2023 سے ہم آہنگ کیا جائے گا۔

3- بھارت اور برطانیہ نے مالیاتی خدمات کے شعبے، مالیاتی ٹیکنالوجی اور ڈیجیٹل معیشت میں تعاون جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔

4- امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے چین کو چھوڑ کر سبھی ملکوں کے لیے جوابی محصولات کو 90 دنوں کے لیے موقوف کرنے کا اعلان کیا ہے۔ انھوں نے چین کے لیے محصولات کی شرح کو فوری طور پر 125 فیصد تک بڑھا دیا ہے۔

5- آج ملک بھر میں مہاویر جینتی روایتی جوش و خروش اور عقیدت کے ساتھ منائی جا رہی ہے۔ صدر جمہوریہ، نائب صدر اور وزیر اعظم نے اس موقع پر لوگوں کو مبارکباد دی ہے۔

6- بھارت نے تیر اندازی عالمی کپ 2025 کے پہلے مرحلے میں مردوں کے کمپاؤنڈ ٹیم مقابلے میں کانسے کا تمغہ جیتا۔

7- اور IPL T20 کرکٹ میں، احمدآباد میں گجرات ٹائٹنز نے راجستھان رائلز کو 58 رن سے ہرایا۔

اب خبریں تفصیل سے۔

Shah Tahawwur

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ 2008 کے ممبئی دہشت گردانہ حملوں کے ملزم تہور رانا کی بھارت کو حوالگی مودی حکومت کی سفارت کاری کی ایک بڑی کامیابی ہے۔ انھوں نے کہا کہ بھارتی حکومت کی ذمہ داری ہے کہ وہ ان تمام لوگوں کو ملک واپس لائے، جنہوں نے بھارت کے عوام کے ساتھ برا سلوک کیا ہے۔ ایک نجی ٹی وی چینل پر بات کرتے ہوئے جناب شاہ نے کہا کہ یہ ملک کے لیے بڑی کامیابی ہوگی کہ تہور رانا کو بھارتی عدالت میں مقدمے کا سامنا کرنا پڑے گا۔

S/B - Amit Shah - Final

جناب شاہ کا یہ بیان اِن خبروں کے دوران آیا ہے کہ رانا کو آج ایک خصوصی پرواز کے ذریعے بھارت لائے جانے کا امکان ہے۔ بھارت حوالگی کے خلاف رانا کی درخواست کو امریکی سپریم کورٹ نے مسترد کر دیا ہے۔

مرکزی وزیر داخلہ نے کانگریس لیڈر راہل گاندھی کی بھی تنقید کی اور ان پر شہریت ترمیمی قانون کے بارے میں افواہیں پھیلانے کا الزام لگایا۔

انہوں نے الزام لگایا کہ راہل گاندھی اور ان کے اتحادیوں نے ملک میں یہ افواہ پھیلائی کہ شہریت ترمیمی قانون CAA کے نفاذ سے مسلمانوں کی شہریت چھین لی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ CAA کے نفاذ کے بعد سے کسی بھی مسلمان نے اپنی شہریت نہیں کھوئی ہے۔ ×

Shah Odisha Criminal Law

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ اوڈیشہ حکومت کو اگلے چھ ماہ تک انتظامیہ کی تمام سطح پر نئے فوجداری قوانین کے سو فیصد نفاذ کو ترجیح دینی چاہیے۔ جناب شاہ نے کل نئی دلّی میں ریاست کے وزیر اعلیٰ موہن چرن ماجھی کی موجودگی میں اڈیشہ میں تین نئے فوجداری قوانین کے نفاذ پر ایک جائزہ میٹنگ کی صدارت کی۔

اس میٹنگ کے دوران اڈیشہ میں پولیس، جیلوں، عدالتوں، استغاثہ اور فورنسک سے متعلق مختلف نئی دفعات کے نفاذ اور موجودہ صورتحال کا جائزہ لیا گیا۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ اگلی دہائی، اڈیشہ جیسی ابھرتی ہوئی ریاست کی ترقی کے لیے بیحد اہم ہے۔ ×

Maha Special Public Security Act

مہاراشٹر کے وزیر اعلی دیویندر فڑنویس نے ریاست بھر کی صحافیوں کی تنظیموں کو یقین دلایا ہے کہ ریاستی حکومت کی طرف سے تجویز کردہ عوامی سکیورٹی سے متعلق خصوصی ایکٹ داخلی سلامتی کے لیے انتہائی اہم ہے۔ وہ کل ممبئی میں صحافیوں کی مختلف تنظیموں کے نمائندوں کے ساتھ مجوزہ قانون سازی کے حوالے سے ان کے خدشات دور کرنے کے لیے بات کر رہے تھے۔

وزیر اعلیٰ نے کہا کہ اس قانون سے صحافیوں یا کسی عام شہری کو پریشانی نہیں ہوگی اور نہ ہی اس سے ان کی اظہارِ رائے کی آزادی پر کوئی آنچ آئے گی۔ انہوں نے واضح کیا کہ اس قانون کا مقصد افراد کو نشانہ بنانا نہیں ہے، بلکہ ملک دشمن سرگرمیوں میں ملوث تنظیموں کو نشانہ بنانا ہے۔

مجوزہ مہاراشٹر عوامی سکیورٹی ایکٹ کی بعض دفعات کے بارے میں صحافیوں کی تنظیموں میں تشویش پائی جا رہی تھی۔ ان کے خدشات کو دور کرنے اور قومی سلامتی کے ایکٹ کے مقاصد اور فوائد کی وضاحت کے لیے ایک تفصیلی بات چیت کی گئی۔ جناب فڑنویس نے اُجاگر کیا کہ کئی ماؤنواز تنظیموں، جن پر ملک کے حصوں میں پابندی عائد ہے، اب اپنا ہیڈکوارٹر مہاراشٹر منتقل کر دیا ہے اور وہ شہری علاقوں سے کام کر رہی ہیں۔ لہٰذا، انہوں نے کہا کہ اگر یہ قانون ابھی نافذ نہیں کیا گیا تو مہاراشٹر کو مستقبل میں اہم چیلنجوں کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C - Bhavana Gokhale

وزیر اعلیٰ دویندر فڑنویس نے یقین دلایا کہ قانون کے بارے میں صحافیوں کی تنظیموں کی مثبت تجاویز پر غور و خوض کیا جائے گا اور اس کی دفعات میں وضاحت، شفافیت اور درستگی کو یقینی بنانے کے لیے ضروری ترامیم کی جائیں گی۔ اہم بات یہ ہے کہ وزیر اعلیٰ فڑنویس نے زور دے کر کہا کہ تین ججوں کی مشاورتی کمیٹی کے سامنے سماعت کے بغیر کسی بھی تنظیم کے خلاف کوئی کارروائی نہیں کی جائے گی۔ اگر کوئی تنظیم غیر قانونی سرگرمیوں میں ملوث ہے، جس سے قومی سلامتی کو خطرہ لاحق ہے، تو مذکورہ کمیٹی کے سامنے ثبوت پائے جانے کے بعد ہی پولیس اُس کے خلاف کارروائی کرے گی۔ اس لیے کوئی بھی سرکار اپنے خود کے مفادات کے لیے اس قانون کا غلط استعمال کر سکتی۔

ممبئی سے بھاؤنا گوکھلے کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں ............

Ashwini-Aadhar

الیکٹرانکس اور انفارمیشن ٹکنالوجی محکمے کے وزیر اشونی ویشنو نے کہا ہے کہ صارفین کی دلچسپی کو ملحوظ رکھتے ہوئے نئے آدھار قانون کو ڈیجیٹل ذاتی ڈیٹا کی حفاظت سے متعلق ایکٹ 2023 کے ساتھ ہم آہنگ کیا جائے گا۔ وزیر موصوف نے کہا کہ جب آدھار ایکٹ نافذ ہوا تب قانونی ڈھانچے میں کئی کمیاں تھیں۔ تاہم اِن کمیوں کو آج دور کر لیا گیا ہے۔

انہوں نے آدھار ایکٹ کے جدید ورژن کو لانے پر زور دیا، جو پوری قانون سازی کے مرکز میں صارفین پر توجہ مرکوز رکھتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس سرکار کی توجہ غریب اور متوسط طبقے کے لوگوں کی زندگی میں تبدیلی لانے پر مرکوز ہے۔

S/B - Ashwini Vaishnaw

TN Rajnath Visit

وزیر دفاع راجناتھ سنگھ آج نیل گریز کے Wellington میں واقع دفاعی عملے کے تربیتی کالج کے سالانہ دن کی تقریبات میں شرکت کریں گے۔ وہ تمل ناڈو کے دو روزہ دورے پر کل شام Sulurpet پہنچے۔×

Prez. Slovakia Visit

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو سلوواکیہ کے اپنے سرکاری دورے کے دوران کل Bratislava میں سلوواکیہ کے اپنے ہم منصب Peter Pellegrini کے ساتھ بالمشافہ میٹنگ اور وفد سطح کی بات چیت کی۔ دونوں رہنماؤں نے دوطرفہ تعلقات کے مختلف پہلوؤں اور مشترکہ عالمی اور علاقائی مفادات کے امور پر تبادلۂ خیال کیا۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C - Pooja P Vardhan

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو اور سلوواکیہ کے صدر Peter Pellegrini کی موجودگی میں دو مفاہمت ناموں پر دستخط بھی کیے گئے۔ ان میں سے ایک بھارت کی نیشنل اِسمال انڈسٹریز کارپوریشن لمیٹڈ اور سلوواک بزنس ایجنسی کے درمیان MSME کے شعبے میں باہمی تعاون سے متعلق مفاہمت نامہ، جبکہ دوسرا سشما سوراج انسٹی ٹیوٹ آف فارن سروس اور سلوواکیہ کی خارجہ اور یوروپی معاملات کی وزارت کے درمیان باہمی تعاون سے متعلق مفاہمت نامہ ہے۔

صدر مرمو نے بھارت کے تیزی سے ترقی کرتی ہوئی میڈیا، تفریحی اور تخلیقی معیشت کے شعبوں میں دونوں ممالک کے درمیان قریبی اشتراک و تعاون کرنے کی بے پناہ صلاحیت کو اُجاگر کیا۔

صدر نے سلوواکیہ کو یکم مئی سے 4 مئی تک ممبئی میں بھارت کی میزبانی میں منعقد ہونے والی WAVE سربراہ کانفرنس میں سرگرم طور پر حصہ لینے کی دعوت بھی دی۔

صدر مرمو نے جمہوریہ سلوواکیہ کے وزیر اعظم رابرٹ فیکو اور سلوواکیہ کی نیشنل کونسل کے اسپیکر رچرڈ راشی سے بھی ملاقات کی۔ آج صدر جمہوریہJaquar لینڈ روور فیکٹری کا معائنہ کریں گی، وہ سلوواکیہ-بھارت تجارتی فورم میں شرکت اور Nitra میں واقع یونیورسٹی جائیں گی۔

Bratislava سے پوجا پی وردھن کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں ............

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

Trump Tariff

ایک اہم پیشرفت میں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے چین کو چھوڑ کر سبھی ملکوں پر جوابی محصولات کو 90 دنوں کے لیے موقوف کرنے کا اعلان کیا ہے۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں انھوں نے کہا کہ کہ 90 دنوں کی اس مہلت کا اطلاق جوابی محصولات اور 10 فیصد محصولات پر ہوگا۔ امریکی صدر نے کہا کہ وہ اپنے ٹیرف پلان کے حصے کے طورپر 90 دن کے وقف کی منظوری دی ہے، لیکن انھوں نے چین پر عائد کی جانے والی محصولات کی شرح کو بڑھاکر 125 کردیا جو فوری طور پر نافذ العمل ہے۔

جناب ٹرمپ نے کہا کہ چین نے عالمی بازار کے تئیں احترام نہیں کیا اس لیے وہ امریکہ کی جانب سے اس پر عائد کیے جانے والے محصولات میں اضافہ کر رہے ہیں۔

انھوں نے دیگر 75 ملکوں کو راحت دی ہے جن پر انھوں نے پچھلے ہفتے رعایت شدہ جوابی محصولات عائد کیے تھے۔

اس سے پہلے کل چین نے جوابی کارروائی کرتے ہوئے امریکہ سے درآمد ہونے والے تمام سازوسامان پر 84 فیصد محصول عائد کردیا تھا جس پر کل آدھی رات سے عملی درآمد شروع ہوگیا ہے۔

یوروپی یونین نے بھی امریکہ سے درآمد ہونے والی کچھ اشیا، محصولات عائد کرنے کے حق میں ووٹ دیا ہے۔x

## Asian Market

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے بیشتر جوابی محصولات کو پلٹنے کے بعد ایشاء-بحرالکاہل کے بازاروں میں ابتدائی کاروبار میں اضافہ ہوا ہے۔

جاپان کا Nikkei آٹھ اعشاریہ چار آٹھ فیصد کے اضافے کی ساتھ 34 ہزار 403 پر پہنچ گیا، جبکہ آسٹریلیا کا S&P/ASX 200، چار اعشاریہ سات صفر فیصد کے اضافے کے ساتھ سات ہزار سات سو اکیس اعشاریہ سات تک پہنچ گیا۔ سنگاپور کا SGX نفٹی تین اعشاریہ چار فیصد کے ساتھ 23 ہزار 250 پر رہا، جبکہ ہانگ کانگ کا Hang Seng چار اعشاریہ دو پانچ فیصد کے ساتھ 21 ہزار 126 پر کاروبار کر رہا تھا۔x

## India UK

بھارت اور برطانیہ نے مالی خدمات کے شعبہ FinTech اور ڈجیٹل معیشت میں اشتراک جاری رکھنے کے اپنے عزم کا اعادہ کیا ہے۔ دونوں ملکوں نے کل لندن میں 13ویں معاشی اور مالی مذاکرات کیے۔

وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن کی قیادت میں بھارتی وفد نے خزانے کے چانسلر Rachel Reeves کی قیادت میں برطانوی وفد کے ساتھ اعلیٰ سطح کی بات چیت کی۔

معاشی نمو کو بڑھانے کے تعلق سے دونوں فریقوں نے دونوں ملکوں کے لیے درمیان دو طرفہ تعلقات کو آگے بڑھانے پر زور دیا جس میں باہمی طور پر سود مند آزاد تجارتی معاہدہ اور دو طرفہ سرمایہ کاری سے متعلق معاہدے کے لیے، بات چیت جاری رکھنا شامل ہے۔

دونوں ملکوں نے اس بات پر بھی اتفاق کیا کہ برطانیہ اور بھارت کے درمیان مضبوط اورمستحکم تعلقات سے دونوں ملکوں کی معیشتیں مضبوط ہوتی ہیں جن میں عالمی چیلنجوں کے تعلق سے تجارت، سپلائی چین میں استحکام اور اشتراک کا کردار بھی شامل ہے۔x

## India Russia

بھارت اور روس نے دوطرفہ سرمایہ کاری تعاون تقویت دینے کے لیے چھ نئے اسٹراٹیجک پروجیکٹوں پر اتفاق کیا ہے۔ یہ فیصلہ نئی دلّی میں منعقد ہوئے ترجیحی سرمایہ کاری پروجیکٹوں سے متعلق بھارت-روس ورکنگ گروپ کے آٹھویں اجلاس کے دوران کیا گیا۔x

Mahavir Jayanti

24 ویں اور آخری جین تیرتھنکر بھگوان مہاویر کا یوم پیدائش مہاویر جینتی آج ملک بھر میں روایتی جوش و خروش اور مذہبی عقیدت کے ساتھ منائی جا رہی ہے۔ یہ جین دھرم کے لوگوں کے لیے مقدس ترین دن میں سے ایک ہے۔ بھگوان مہاویر کے پیروکار پوجا کر کے، پرساد بانٹ کر اور رتھ جلوسوں میں حصہ لے کر اس تہوار کو مناتے ہیں۔ صدر جمہوریہ، نائب صدر جمہوریہ اور وزیر اعظم نے اس موقع پر لوگوں کو مبارکباد دی ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے کل نئی دلّی میں ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جین برادری صدیوں سے سادگی، تحمل اور پائیداری کے اصولوں پر زندگی بسر کر رہی ہے۔ انہوں نے مقامی مصنوعات کو فروغ دینے پر زور دیتے ہوئے کہا کہ بھارت میں تیار کردہ زیادہ سے زیادہ اشیاء خریدی جائیں اور دوسروں کو بھی ایسا کرنے کی ترغیب دی جائے۔ انھوں نے مقامی مصنوعات کو عالمی مصنوعات بنانے کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے، اس بات پر زور دیتے ہوئے کہ زندگی باہمی تعاون سے پروان چڑھتی ہے، اسے جین فلسفہ سے جوڑا۔×

World Homeopathy Day

دنیا بھر میں آج ہومیو پیتھی کا عالمی دن منایا جا رہا ہے۔ ہومیوپیتھی دنیا کا دوسرا بڑا طبّی نظام ہے۔ یہ صحت کی دیکھ بھال کے لیے ایک جامع نقطہ نظر پیش کرتا ہے، جو اپنے قدرتی اور غیر مضر طریقوں کے لیے دنیا بھر میں لاکھوں لوگوں کو اپنی طرف راغب کرتا ہے۔ آیوش وزارت کے مطابق، ملک میں 10 کروڑ سے زیادہ لوگ اپنی صحت کی ضروریات کے لیے ہومیوپیتھی پر بھروسہ کرتے ہیں۔

اس وقت ملک میں تین لاکھ 45 ہزار رجسٹرڈ ہومیوپیتھک ڈاکٹرز، 277 اسپتال، آٹھ ہزار سے زائد دواخانے اور 277 تعلیمی ادارے ہیں۔ یہ ادارے ہومیوپیتھک پریکٹس کے مستقبل کی تشکیل میں اہم کردار ادا کرتے ہیں اور ہر سال ہزاروں ہنر مند پیشہ ور افراد تیار کرتے ہیں۔ ×

Nepal Shivraj

بھارتی زراعت اور کسانوں کی بہبود کے وزیر شیوراج سنگھ چوہان نے کل نیپال کے وزیراعظم کےپی۔شرما اولی سے خیر سگالی ملاقات کی۔

جناب چوہان جو زراعت کے وزیروں کی میٹنگ Bay of Bengal Initiative For Multi-Sectoral Technical and Economic Cooperation (BIMSTEC)کے لیے نیپال میں ہیں، جناب اولی سے Balluwatar میں وزیراعظم کی رہائش گاہ پر ملاقات کی۔

بھارت اور نیپال کے مابین روایتی رشتوں اور جہتوں پر بات کرتے ہوئے جناب چوہان نے اس بات پر زور دیا کہ وہ دونوں ممالک زرعی جدید کاری، غذائی تحفظ اور معاشی ترقی کے لیے مل کر کام کریں۔

وزیر موصوف نے کہا کہ دو طرفہ معاہدوں اور مشترکہ ورکنگ گروپس کو تیزی کے ساتھ آگے بڑھانا چاہیے۔x

J&K Assembly

جموں و کشمیر میں جموں کے ضلعی انتخابی دفتر نے 77نگروٹا اسمبلی حلقے میں جاری خصوصی

Summary Revision (SSR) 2025

کے تحت فارم 7، 6 اور 8 کی تقسیم کے لیے گھر گھر جاکر مہم کا آغاز کیا۔

آکاشوانی جموں کے ہمارے نامہ نگار نے اطلاع دی ہے کہ یہ مشق بوتھ سطح کے افسروں Blo's کے ذریعے اہل ووٹروں کی شمولیت اور پورے حلقے میں انتخابی تفصیلات کی تصحیح کے لیے کی جا رہی ہے۔x

## Sports Roundup

کھیلوں کے تعلق سے کل بھارت کے لیے ایک کامیاب دن رہا۔ اس نے نشانے بازی اور تیر اندازی میں تمغے حاصل کیے۔ ایک طرف ایتھلیٹوں نے ٹینس اور بیڈمنٹن میں عالمی سطح پر اپنا لوہا منوایا، تو دوسری طرف IPL میں سنسنی خیز مقابلوں کی وجہ سے کرکٹ شائقین میں جوش و خروش برقرار ہے۔

بھارت نے تیر اندازی عالمی کپ 2025 کے اسٹیج-1 میں مردوں کے کمپاؤنڈ ٹیم مقابلے میں کانسے کے تمغے کے ساتھ آغاز کیا۔ ابھیشیک ورما، ریشبھ یادو اور Ojas Deotale کی ٹیم نے امریکہ کے Auburndale میں ڈنمارک کو 230-223 سے ہرا کر کانسے کا تمغہ جیتا۔

نشانے بازی میں بھارت کے Arya Borse اور Rudrankksh Patil نے بیونس آئرس میں ISSF World Cup 2025 میں مکسڈ 10 میٹر ایئر رائفل میں چاندی کا تمغہ جیتا۔

## IPL

IPL کرکٹ میں، احمد آباد کے نریندر مودی اسٹیڈیم میں گجرات ٹائٹنس نے راجستھان رائلز کو 58 رن سے ہرا دیا۔

218 رن کے ہدف کا تعاقب کرتے ہوئے راجستھان رائلز کی پوری ٹیم 19 اوورس اور دو گیندوں میں 159 رن بناکر آؤٹ ہوگئی۔

اس سے پہلے بلے بازی کرتے ہوئے گجرات نے 6 وکٹ پر 217 رن بنائے۔ گجرات کے لیے سائی سُدرسن نے سب سے زیادہ 82 رن بنائے۔ انھیں میچ کا بہترین کھلاڑی بھی منتخب کیا گیا۔ مسلسل چار میچ جیت کر گجرات پوائنٹس ٹیبل پر سرفہرست ہے۔

آج رائل چیلنجرس بنگلورو اور ڈیلی کیپٹلز کے درمیان مقابلہ ہوگا۔ یہ میچ بنگلورو کے چنا سوامی اسٹیڈیم میں شام ساڑھے سات بجے سے کھیلا جائے گا۔

## Badminton Asia Cup

بیڈمنٹن میں، چین کے Ningbo میں بیڈمنٹن ایشیا چیمپین شپ میں بھارتی بیڈمنٹن کھلاڑی پی وی سندھو، پریانشو راجاوت اور کرن جارج سنگلز کے پری کوارٹر فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔

دو بار کی اولمپک میڈلسٹ سندھو خواتین سنگلز کے دوسرے راؤنڈ میں جاپان کی Akane Yamwguchi کا سامنا کریں گی۔

مردوں کے سنگلز مقابلے میں دوسرے راؤنڈ میں کرن جارج تھائی لینڈ کے Kunlavut Vittidsarn سے جبکہ پریانشو راجاوت جاپان کے Kodai Naraokar سے مقابلہ کریں گے۔

مردوں کے ڈبلز کے دوسرے مرحلے میں روبن کمار Rethinasabapathi اور ہری ہرن Amsakarunan کی بھارتی جوڑی کا مقابلہ Aaron Chia اور Wooi Yik Soh کی ملیشیائی جوڑی سے ہوگا۔

اور مکسڈ ڈبلز میں Dhruv Kapila اور Tanisha Crasto کی بھارتی جوڑی، چینی Taipei کی Hong Wei Ye اور Nicole Gonzales کی جوڑی سے مقابلہ کرے گی۔

Ashith Surya اور Amrutha Pramuthesh پر مشتمل ایک دوسری بھارتی جوڑی اپنے دوسرے راؤنڈ کے میچ میں چین کی ٹاپ سیڈ Zhen Bang Jiang اور Ya Xin Wei پر مشتمل جوڑی سے مقابلہ کرے گی۔x

## IMD Weather

بھارت کے محکمہئ موسمیات IMD نے آج اروناچل پردیش، آسام، میگھالیہ اور سکم کے دور دراز علاقوں میں شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ اسی طرح کی صورتحال بہار، ذیلی ہمالیہ کے مغربی بنگال، سکم، تمل ناڈو اور کیرالہ میں بھی رہنے کا امکان ہے۔ محکمہئ موسمیات کے مطابق اترکھنڈ، جھارکھنڈ، ہماچل پردیش اور پنجاب میں گرج چمک کی توقع ہے۔

اس کے مطابق آج راجستھان، مدھیہ پردیش اور گجرات میں گرم لہر اور رات میں گرمی جیسے حالات رہیں گے۔ محکمہئ موسمیات نے اگلے تین دن کے دوران شمال مغربی بھارت میں زیادہ سے زیادہ درجہئ حرارت میں بتدریج دو سے چار ڈگری سیلسیس اضافہ کا امکان ظاہر کیا ہے۔×

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......فہیم

شکریہ - عمار

قومی راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے تقریباً سبھی اردو اخباروں نے ممبئی حملوں کے ماسٹر مائنڈ تہور رانا کو امریکہ سے بھارت بھیجے جانے کی خبر کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے۔ اس سلسلے میں اخبار ملاپ کی شہ سرخی ہے: ممبئی حملوں کا ماسٹر مائنڈ تہور رانا بھارت کے حوالے۔

ہندوستان ایکسپریس نے جین پیروکاروں کے ”نو کار مہامنتر ڈے“ سے وزیراعظم کے خطاب کو اپنی سرخی بناتے ہوئے لکھا ہے کہ بھارت کی ترقی دوسروں کی ترقی کے دروازے کھولتی ہے۔ اخبارات نے RBI کے ذریعے ریپوریٹ میں تخفیف کیے جانے سے متعلق خبر کو نمایاں طور پر شائع کیا ہے۔ روزنامہ راشٹریہ سہارا لکھتا ہے ”پالیسی شرحوں میں مسلسل دوسری بار تخفیف، قرض ہو سکتے ہیں سستے، RBI نے ریپوریٹ میں صفر اعشاریہ دو پانچ فیصد کی کٹوتی کی۔

اخبار پرتاپ نے صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کے پرتگال کے بعد سلوواکیہ پہنچنے کی خبر کو صفحہ اول پر جگہ دی ہے۔

اخبار انقلاب نے بھارت کے ذریعے فرانس سے 26 مرین رافیل طیارے خریدنے کو کابینہ کمیٹی کی منظور کی خبر کو اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔ اخبارات نے وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن کے اس بیان کو نمایاں کیا ہے کہ بھارت 2032 تک چھٹا سب سے بڑا بیمہ بازار بننے کے لیے تیار۔

اخبارات کی دیگر اہم بین الاقوامی خبریں اس طرح ہیں:

- غزہ، میں اسرائیلی بمباری میں 30 سے زائد افراد ہلاک۔
- جمہوریہ ڈومینیکن میں نائٹ کلب کی چھت گری، مرنے والوں کی تعداد 113 ہوگئی۔
- یمن میں امریکی فضائی حملوں میں 6 افراد ہلاک، پندرہ زخمی

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ 26/11 ممبئی دہشت گردانہ حملے کے ماسٹر مائنڈ تہور رانا کی امریکہ سے بھارت حوالگی، مودی حکومت کی سفارت کاری کی ایک بڑی کامیابی ہے۔

2- انفارمیشن ٹیکنالوجی محکمے کے وزیر اشونی ویشنو نے کہا ہے کہ نئے آدھار قانون کو ڈیجیٹل ذاتی ڈیٹا کی حفاظت سے متعلق ایکٹ 2023 سے ہم آہنگ کیا جائے گا۔

3- بھارت اور برطانیہ نے مالیاتی خدمات کے شعبے، مالیاتی ٹیکنالوجی اور ڈیجیٹل معیشت میں تعاون جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔

4- امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے چین کو چھوڑ کر سبھی ملکوں کے لیے جوابی محصولات کو 90 دنوں کے لیے موقوف کرنے کا اعلان کیا ہے۔ انہوں نے چین کے لیے محصولات کی شرح کو فوری طور پر 125 فیصد تک بڑھا دیا ہے۔

5- آج ملک بھر میں مہاویر جینتی روایتی جوش و خروش اور عقیدت کے ساتھ منائی جا رہی ہے۔ صدر جمہوریہ، نائب صدر اور وزیر اعظم نے اس موقع پر لوگوں کو مبارکباد دی ہے۔

6- بھارت نے تیر اندازی عالمی کپ 2025 کے پہلے مرحلے میں مردوں کے کمپاؤنڈ ٹیم مقابلے میں کانسے کا تمغہ جیتا۔

7- اور IPL T20 کرکٹ میں، احمدآباد میں گجرات ٹائٹنز نے راجستھان رائلز کو 58 رن سے ہرایا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔